**Model Lession Plan** **منصوبہ سبق**

**جماعت**: بارہویں | **تاریخ**:14.03.2023 | **مضمون**:اردو

**گھنٹہ**: تیسرا | عنوان:قواعد | **سبق**:اسم

**مدّت**:40 منٹس | **تدریسی زبان**:اردو | استاد: ڈاکٹر محمد جنید

---

### ☆(Learning Outcomes) آموزشی ماحصل:

1. طلبہ اردو زبان کی قواعد اور اس کی اہمیت وافادیت سے واقف ہو جائیں گے۔
2. طلبہ اسم کی تعریف اور ان کی پہچان کے قابل ہو جائیں گے
3. طلبہ اسم کے مختلف اقسام کے تعلق سے معلومات حاصل کریں گے۔
4. طلبہ اردو قواعد کے متعلق اپنی دلچسپی کا اظہار کر سکیں گے۔
5. طلبہ اردو قواعد اور ہندی قواعد میں مماثلت اور امتیاز کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔

### ☆(Learning Outcomes) آموزشی مقاصد:

1. طلبہ اردو زبان اور ادب کے فروغ میں معاون کردار ادا کرنے کے قابل ہو سکیں گے۔
2. طلبہ پڑھتے اور بولتے وقت جملے کی صحیح ادائیگی کر سکیں گے۔
3. طلبہ اسم کے استعمال سے اپنی تحریر کو دلچسپ اور متاثر کن بنا سکیں گے۔
4. طلبہ بہتر اردو وادبی زبان سے بھی واقفیت حاصل کر سکیں گے۔
5. طلبہ اسمِ عام اور اسم خاص کی پہچان سے واقف ہو سکیں گے۔

### ☆(Teaching Resources) آموزشی ذرائع:

نصابی کتاب جان پہچان (حصہ۔۴)، اسم اور اس کی اہم اقسام کا چارٹ، تختہ سیاہ، چاک، ڈسٹر، پوائنٹر وغیرہ۔

### (Teaching Method and Technique) طریقہ تدریس اور تکنیک:

تعمیراتی طریقہ تدریس

### ☆(Previous Knowledge) سابقہ معلومات:

1. طلبہ اردو قواعد کی تھوڑی بہت واقفیت رکھتے ہیں۔
2. طلبہ ہندی اور انگریزی زبان میں اسم کا درس لے چکے ہیں۔

3. طلبہ اردو زبان میں بھی اسم کے متعلق کچھ معلومات رکھتے ہیں۔

### ☆(Introduction/Engage)تعارف/مشغول:

معلم کمرۂ جماعت کے تمام طلبہ سے مختلف اشیاء،انسانوں اور شہروں کے ناموں کی فہرست تیار کرنے کی ہدایت دیں گے۔اس کے علاوہ ان اشیاء،انسانوں اور شہروں کی خوبی اور خامیوں کی نشان دہی کرنے کا بھی حکم دیں گے۔معلم کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے تمام طلبہ و طالبات مختلف اشیاء، انسانوں اور شہروں کے ناموں کی فہرست بنانا شروع کریں گے اور ان کی خوب اور خامیوں پر غور وفکر کرتے ہوئے عنوان کی طرف راغب و مشغول ہو جائیں گے۔

### EXPLORE

کمرۂ جماعت کے تمام طلبہ مختلف اشیاء،انسانوں اور شہروں کے ناموں کی فہرست تیار کرنے کے بعد ان کی خوبی اور خامیوں پر غور وفکر کرتے ہوئے اپنے ہم جماعت ساتھیوں سے گفتگو کرتے ہوئے مزید معلومات یکجا کرنے کی کوشش کریں گے۔

### EXPLAIN

کمرۂ جماعت کے تمام طلبہ و طالبات نے مختلف اشیاء،انسانوں اور شہروں کے نام کی جو فہرست خوبی اور خامیوں کے ساتھ تیار کی ہے اس پر تبادلۂ خیال کرتے ہوئے اپنے مافی الضمیر کا اظہار کرنے کی کوشش کریں گے۔

### ELABORATE

| شمارنمبر | نکاتِ تدریس | معلم کا طرزِ عمل | طلبہ کا طرز عمل | تختہ سیاہ کا کام |
|---|---|---|---|---|
| 1. | اسم | بچوں! ابھی جو آپ لوگوں نے مختلف اشیاء،اشخاص اور شہروں کے ناموں کی جو فہرست تیار کی ہے انہیں اسم کہتے ہیں۔یعنی کسی شے یا چیز،شخص یا انسان اور جگہ یا مقام کے نام کو اسم کہتے ہیں۔<br>مثال:<br>کرسی،احمد،آگرہ وغیرہ۔ | طلبہ معلم کی بات کو غور سے سنیں گے اور مثبت جواب دیتے ہوئے سبق میں دلچسپی ظاہر کریں گے۔ | اردو قواعد<br>اسم<br>مثال:<br>کرسی،احمد،آگرہ وغیرہ<br> |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 2. | اسم کی اہم اقسام | اسم کی دو اہم اقسام ہیں:-<br>1.اسمِ معرفہ<br>2. اسمِ نکرہ | طلبہ معلم کی بات کو بغور سنیں گے اور اسم کی اقسام کے چارٹ کی طرف دیکھ کر اسمِ معرفہ اور اسمِ نکرہ کے بنیادی فرق کو سمجھیں گے۔ | |
| 3. | اسمِ معرفہ | 1. وہ لفظ یا کلمہ جو کسی خاص چیز، خاص جگہ اور خاص انسان کے لیے استعمال کیے جائیں اسمِ معرفہ کہلاتے ہیں۔اسمِ معرفہ کو اسمِ خاص بھی کہا جاتا ہے۔ مثلاً :قرآن مجید، آگرہ، ڈاکٹر علامہ اقبال وغیرہ۔ | طلبہ معلم کی بات کو بغور سنیں گے اور تختہ سیاہ کی طرف دیکھ کر اسمِ معرفہ کی تعریف کو سمجھیں گے۔ | <u>مثال:</u><br>:قرآن مجید، آگرہ، ڈاکٹر علامہ اقبال وغیرہ۔ |
| 4. | اسمِ نکرہ | وہ لفظ یا کلمہ جو کسی عام چیز، عام جگہ اور عام انسان کے لیے استعما کیے جائیں اسمِ عام کہلاتے ہیں۔اسمِ نکرہ کو اسمِ عام بھی کہا جاتا ہے۔مثلاً کرسی، مینار، شہر وغیرہ۔ | طلبہ معلم کی بات کو بغور سنیں گے اور تختہ سیاہ کی طرف دیکھ کر اسمِ نکرہ کی تعریف کو سمجھتے ہوئے اسمِ خاص اور اسمِ عام کے بنیادی فرق کو بھی سمجھ سکیں گے۔ | <u>مثال:</u><br>کرسی، مینار، شہر وغیرہ۔ |

## انداہ قدر/اعادہ سبق (EVALUTION/RECAPITULATION)

پیارے بچوں! آج ہم نے اسم اور اس کی اہم دو اقسام کے تعلق سے معلومات حاصل کی ہے۔کسی شخص، شے یا چیز اور جگہ کے نام کو اسم کہتے ہیں۔اس کی دو اہم اقسام ہیں جن میں اسم معرفہ یعنی اسمِ خاص اور اسم نکرہ یعنی اسمِ عام شامل ہیں۔خاص چیزوں کے لیے اسم خاص کا استعمال ہوتا ہے اور عام چیزوں کے لیے اسم عام کا استعمال ہوتا ہے۔

| شمار نمبر | نکات تدریس | معلم کا طرزِ عمل | طلبہ کا طرزِ عمل | تختہ سیاہ کا کام |
|---|---|---|---|---|
| 1. | اسم | اچھا بچوں! اب بتاؤ! اسم سے آپ کیا سمجھے؟ | سر! کسی چیز، شخص یا جگہ کے نام کو اسم کہتے ہیں۔ | <u>مثال:</u><br>کرسی، تاج محل، حامد |
| 2. | اسم کی اہم اقسام | اسم کو دو اہم اقسام کون کون سی ہیں؟ | سر! اسمِ معرفہ اور اسمِ نکرہ | اسمِ معرفہ<br>اسمِ نکرہ |
| 3. | اسمِ معرفہ | اسمِ معرفہ کو اور کیا کہتے ہیں | اسمِ خاص سر! | اسمِ معرفہ |
| 4. | اسمِ نکرہ | اسمِ عام کس کو کہتے ہیں؟ | اسمِ نکرہ کو سر! | اسمِ نکرہ |
| 5. | اسمِ معرفہ | تاج محل کون سی اسم کی مثال ہے؟ | اسمِ معرفہ کی سر! | اسمِ خاص |

☆**(Home Activities) گھر کا کام:**

طلبہ اسمِ معرفہ اور اسمِ نکرہ کی فہرست گھر سے تیار کر کے لائیں گے اور اگلی کلاس میں معلم سے جانچ کروائیں گے۔

دستخط پرنسپل

دستخط معلم

(ڈاکٹر محمد جنید)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

